فوری ریلیز کے لیے: 18/4/2023 | گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے ریاست بھر میں بھنگ کی واقفیتِ عامہ مہم کی نقاب کشائی کی ہے***

***"نیویارک میں قانونی طور پر کیوں خریدیں" سے نیویارک کے شہریوں کو لائسنس یافتہ ڈسپنسریوں سے محفوظ تر، باضابطہ شدہ بھنگ کی مصنوعات خریدنے کی ترغیب ملے گی***

***خدمتِ عامہ کے اعلانات سوشل میڈیا اور اسٹریمنگ سروسز پر نظر آئیں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج "نیویارک میں قانونی طور پر کیوں خریدیں"، کے نام سے واقفیتِ عامہ کی ایک مہم کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جس سے ریاست نیویارک میں لائسنس یافتہ ڈسپنسریوں سے محفوظ تر، باخبر شدہ، بھنگ کی قانونی خریداریوں کو فروغ ملے گا۔ یہ مہم تین اہم ستونوں پر توجہ مرکوز کرتی ہے: صحت عامہ کی حفاظت کرنا اور سماجی مساوات اور کمیونٹی میں دوبارہ سرمایہ کاری کو فروغ دینا۔ گورنر Hochul نے نیویارک شہر میں CUNY لا اسکول میں ریاست نیویارک کے دفتر برائے بھنگ کا انتظام کے ساتھ یہ اعلان کیا ہے۔ "نیویارک میں قانونی طور پر کیوں خریدیں" کے اعلانات، لائسنس کے بغیر کاروباروں سے بھنگ کی مصنوعات خریدنے سے منسلکہ صحت کے ممکنہ خطرات کی اور اس بات کی وضاحت کرتے ہیں اور زور دیتے ہیں کہ بھنگ کی باضابطہ مصنوعات کیوں محفوظ ہوتی ہیں۔ یہ اعلانات اس بات کا ایک خاکہ بھی پیش کرتے ہیں کہ نیویارک کے سماجی اور اقتصادی مساوات کے اہداف کو آگے بڑھانے میں، ریاست بھر کی کمیونٹیز کے لیے قانونی خریداری کس طرح معاونت کرتی ہے۔

"نیویارک کے تمام شہریوں کی صحت عامہ اور تحفظ کو تقویت دینے کے لیے، ہم انہیں ایسی معلومات فراہم کر رہے ہیں جو باخبر فیصلے کرنے اور بھنگ سے ذمہ داری کے ساتھ لطف اندوز ہونے کے لیے، انہیں درکار ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چونکہ ہم بھنگ کی ایک صحت مند اور زیادہ منصفانہ مارکیٹ قائم کر رہے ہیں، تو مجھے اپنی ریاست بھر میں لائسنس یافتہ ڈسپنسریوں سے بھنگ کی محفوظ، قانونی خریداری کو فروغ دینے کی خاطر اس اہم واقفیتِ عامہ مہم کا آغاز کرنے پر فخر ہے۔"

بنیادی طور پر اس ڈیجیٹل مہم سے 21 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بھنگ کے صارفین ہدف بنائے جائیں گے اور اس میں مختلف تعلیمی امواد شامل کیے گئے ہیں، جیسے کہ "بھنگ کے محفوظ تر استعمال کے لیے رہنمائی"۔ یہ امواد نیویارک میں قانونی ڈسپنسریاں تلاش کرنے کے بارے میں معلومات فراہم کریں گے اور محفوظ طریقے سے بھنگ استعمال کرنے کے بارے میں تجاویز فراہم کریں گے۔ یہ مواد یہاں دستیاب ہیں: https://cannabis.ny.gov/consumers۔

انگریزی اشتہارات کی تصاویر یہاں اور ہسپانوی یہاں اور PSAs کی ویڈیوز انگریزی میں یہاں اور ہسپانوی میں یہاںدستیاب ہیں۔ PSAs سوشل میڈیا، سٹریمنگ سروسز، اور امپائر سٹیٹ میں ٹرانزٹ اور جگہ پر مبنی اشتہارات پر دکھائے جائیں گے۔

20 اپریل، جسے عام طور پر 20/4 کے نام سے جانا جاتا ہے، ایک عالمی رجحان بن گیا ہے جس میں بھنگ کی تہذیب اور اس کا ابھرتا ہوا قانونی منظر نامہ منایا جاتا ہے۔ ابتدائی طور پر یہ بھنگ کی مجرمانہ پہچان اور منشیات

کے قوانین کے غیر مساوی نفاذ کے خلاف ایک احتجاج تھا، جبکہ اب یہ دن ان وکلا کے لیے بھی فتح کا ایک یاد ہے جنہوں نے بھنگ کی ممانعت کے خاتمے کے لیے انتھک جدوجہد کی ہے۔ جیسا کہ یہ دن قریب آ رہا ہے جس کا شدت سے انتظار کیا جا رہا تھا، تو یہ بہت ضروری ہے کہ صحت اور حفاظت کے پیغامات پر زور دیا جائے اور نیویارک کے شہریوں کو یاد دہانی کروائی جائے کہ ذمہ داری سے بھنگ استعمال کی جائے۔ انسٹاگرام، فیس بک اور اسٹریمنگ سروسز سمیت متعدد پلیٹ فارمز پر "نیویارک میں قانونی طور پر کیوں خریدیں" مہم شروع کرتے ہوئے، ریاست نیویارک اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ یہ اہم پیغامات ایسے وقت میں زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچیں جب بھنگ کے بارے میں آگاہی بڑھائی جا رہی ہے۔

**بھنگ کنٹرول بورڈ کی خاتون صدر، Tremaine Wright نے کہا،** "ہم پُرجوش ہیں کہ نیویارک میں بھنگ کی محفوظ اور قانونی خریداری کو فروغ دینے کے لیے اس مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ لائسنس یافتہ ڈسپنسریوں کی معاونت کرتے ہوئے، صارفین اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ وہ اپنی مقامی کمیونٹیز کی معاونت کرتے ہوئے، محفوظ اور درست طریقے سے لیبل شدہ مصنوعات حاصل کر رہے ہیں۔"

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے بھنگ کا انتظام کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر،Chris Alexander نے کہا،** "ہم اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ نیویارک کے شہریوں کو بھنگ کے استعمال کے ممکنہ خطرات اور فوائد کے بارے میں آگاہ کیا جائے۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ صارفین کو باخبر فیصلے کرنے کے لیے بااختیار بنایا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ انہیں محفوظ ترین دستیاب مصنوعات تک رسائی حاصل ہو۔ ریاست بھر میں نیو یارک کے اندر کچھ شاندار ڈسپنسریاں موجود ہیں، اور میں بھنگ کے صارفین اور بھنگ کے شوقین افراد کو ترغیب دیتا ہوں کہ ان دکانوں پر جائیں اور خود دیکھیں۔"

**صحتِ عامہ اور تعلیمی مہمات کی ڈپٹی ڈائریکٹر، Lyla Hunt نے کہا،** "ہماری 'نیویارک میں قانونی طور پر کیوں خریدیں' مہم بہت اہم ہے جو لائسنس یافتہ ڈسپنسریوں سے قانونی طور پر بھنگ خریدنے کی اہمیت کے بارے میں نیویارک کے شہریوں کو آگاہ کرتی ہے۔ یہ PSAs اس طرح تیار کیے گئے ہیں کہ بھنگ کی ممانعت کے دوران جن مبالغہ آرائیوں اور غلط پیغام رسانی کا مشاہدہ کیا گیا تھا ان کے مقابلے میں زبردست متضاد معلومات پیش کی جائیں۔ قانونی طور پر خریدنے سے صحت کے اور حفاظتی فوائد پر زور دیتے ہوئے، ہم بھنگ کی باضابطہ صنعت پر اعتماد پیدا کرنے اور نیویارک کے لوگوں کو بھنگ کے استعمال سے متعلق باخبر فیصلے کرنے کی ترغیب دینے کی امید رکھتے ہیں۔ یہ مہم ایک ایسا موقع بھی ہے جس کے نتیجے میں تاریخی نقصانات دور کرتے ہوئے اور بھنگ کی باضابطہ حیثیت کے بارے میں قیمتی معلومات فراہم کرتے ہوئے، کمیونٹی میں دوبارہ سرمایہ کاری کو فروغ دیا جائے گا۔ ہم اس مہم کا آغاز کرنے کے لیے پُرجوش ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ نیویارک کے شہریوں کی زندگیوں میں اس سے ایک اہم فرق پیدا ہو گا، جس کے نتیجے میں سب کے لیے محفوظ اور زیادہ مساویانہ بھنگ کی صنعت کو تقویت ملے گی اور ریاست نیویارک کی تعلیم کے اوّلین نقطۂ نظر کو فروغ ملے گا۔"

"نیویارک میں قانونی طور پر کیوں خریدیں" مہم میں بھنگ کے درج ذیل لائسنس یافتہ آپریٹرز نمایاں مقام رکھتے ہیں:

- Jasmine اور King لائسنس یافتہ کاشتکار ہیں جو کمیونٹی پر مرکوز شدہ اور بھنگ کی فلاح و بہبود کی خصوصیات پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ اب، 10+ سال کے خاندانی کاشتکاری کے تجربے کے ساتھ، وہ ریاست بھر کی کمیونٹیز کے لیے بھنگ کی مصنوعات کاشت کر رہے ہیں۔
- Howard ایک لائسنس یافتہ پروسیسر ہے جو ریاست بھر کی کمیونٹیز کے لیے محفوظ بھنگ کی مصنوعات تیار کرنے کے لیے جدید حفاظتی طریقوں اور تعلیم کی کوششوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔
- Damien ایک لائسنس یافتہ خوردہ فروش ہے جن کی توجہ سماجی انصاف میں اصلاحات اور کمیونٹی کی دوبارہ سرمایہ کاری پر مرکوز ہے اور اسے نئی صنعت میں کاروباری ملکیت رکھنے کا 5 سال سے زیادہ کا تجربہ حاصل ہے۔
- Eddie ایک لائسنس یافتہ پروسیسر ہیں جنہوں نے ریاست بھر کی کمیونٹیز کے لیے محفوظ بھنگ کی مصنوعات تیار کرنے کے لیے خاندانی کاشتکاری کی 5+ نسلوں سے اپنا تجربہ حاصل کیا ہے۔

"نیویارک میں قانونی طور پر کیوں خریدیں، 2022 میں گورنر Hochul کی جانب سے شروع کی گئی " مہم "بھنگ مذاکرات" کی واقفیتِ عامہ مہم کے بعد شروع کی گئی ہے۔

نیویارک کا بھنگ قانون صحتِ عامہ کو ترجیح دیتا ہے۔ یہ قانون عوامی تحفظ، سماجی انصاف اور مساوی معاشی ترقی کے بنیادی اصولوں پر بنایا گیا ہے تاکہ بھنگ کی ممانعت سے پیدا ہونے والے نقصانات کا ازالہ کیا جا سکے۔ اس پالیسی کی تبدیلی کی حمایت میں، یہ قانون، عوامی صحت کی تعلیمی مہمات کو لازمی قرار دیتا ہے کہ وہ نیویارک کے شہریوں کو نئی قانون سازی کے مضمرات اور عوامی صحت اور حفاظت پر بھنگ کے استعمال کے ممکنہ اثرات سے آگاہ کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں